# بعض نان امیگرنٹوں کے لیے حاضر ہوکر رجسٹریشن کرنے کا خصوصی طریقِ کار

(تمام پابندِ حاضری (کال اِن) گروپوں کے لیے)

## سوالات و جوابات

**یو ایس گورنمنٹ ایسا کیوں کر رہی ہے؟**

یونائٹڈ اسٹیٹس پر 11 ستمبر 2002 کو ہوئے حملے اور اس کے بعد کے واقعات کی روشنی میں، اور اٹارنی جنرل کو دستیاب معلومات کی بنیاد پر، اٹارنی جنرل نے طے کیا ہے کہ جب قومی سلامتی اور نفاذِ قانون کے مقاصد کا سوال ہو تو بعض نان امیگرنٹ غیر ملکیوں پر زیادہ نظر رکھنے کی ضرورت ہے- 11 ستمبر 2002 کو شروع کی گئی اسپیشل رجسٹریشن کے پہلے مرحلے کا تقاضا تھا کہ یونائٹڈ اسٹیٹس میں داخل ہونے کے اڈوں پر منتخب افراد کے عکسِ انگشت، فوٹوگراف اور حلف دے کرانٹرویو لیے جائیں یہ نیا طریقۂ کار دوسرامرحلہ ہے، جو رجسٹریشن کے تقاضوں کو نامزد ممالک کے ان پیدائشی باشندوں اور شہریوں تک بڑھاتا ہےجن کو یونائٹڈ اسٹیٹس میں داخل کیا گیا ہے، کہ وہ امیگریشن اینڈ نیچرلائزیشن سروس کے ضلعی یا ذیلی دفتر پر رجسٹریشن کروائیں-

اٹارنی جنرل کو بروئے امیگریشن اینڈ نیشنلٹی ایکٹ، دفعہ (b) 265 ترمیم (b) 8 U.S.C. 1305 اور زیر دفعہ (a) 263 امیگریشن اینڈ نیشنلٹی ایکٹ، (a) 8 U.S.C. 1303 اس طرح کا فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل ہے-

**ہم آپ کی جانب سے ان رجسٹریشن تقاضوں کو سمجھنے اور ان کی تعمیل کرنے کی قدر کرتے ہیں-**

**اس سے کون متاثر ہوگا؟-**

16 سال یا اس زیادہ عمر کے مرد (15 نومبر 1986 یا اس سے پہلے پیدا ہوئے)، جو ان مختص ممالک کے پیدائشی باشندے یا شہری ہوں جن کا بیان ان سوالات و جوابات سے قبل کی نوٹس کے صفحات میں ہوا ہے-

**"شہریت" کی تعریف کیا ہے؟ "پیدائشی باشندے" کی تعریف کیا ہے؟**

شہری: وہ شخص جو پیدائش یا شہریت دیے جانے کی بنا پر سلطنت کی وفاداری کا پابند اور اس کے تحفظ کا مستحق ہو-

پیدائشی باشندہ: وہ شخص جو سلطنت کی دائمی وفاداری کا پابند ہو-

## صرف مسلمانوں اور عربوں کو ہی رجسٹریشن کیوں کرانی ہے؟

اب تک تقریبا ایک سو ممالک کے لوگوں کی رجٹریشن کی گئی ہے- رجسٹریشن خالص قومیت اور شہریت پر مبنی ہے- نژاد یا مذہب پر نہیں-

آئی این ایس کو تین سال کے اندر ان سب غیر ملکی ملاقاتیوں، طلبہ، کاروباری مسافروں، اور سیاحوں کا پتا لگانا ہے جو ہر سال یونائٹڈ اسٹیٹس آتے جاتے رہتے ہیں- اس کا یہ بھی تقاضا ہے کہ یونائٹڈ اسٹیٹس میں داخل ہونے کے لیے جو سرکاری کاغذات استعمال ہوتے ہیں ان سب میں 2004 تک بایومیٹرک شناختے (مثلا عکس انگشت) شامل ہونے چا ہیں- یہ شرط اس وجہ سے لازمی ہوگئی ہے کہ آئی این ایس کو کئی جعلی کاغذات پیش کئے گئے ہیں اور تصویر کشی کی عمدہ ٹیکنلالوجی استعمال ہوتی ہے جس سے شناخت کو چھپایا جاتا ہے اور تبدیل کیا جاتا ہے-

نیشنل سیکورٹی اینٹری ایند ایگزٹ رجسٹریشن سسٹم ملک کے اندر آنے/جانے کے پروگرام پر عمل کرنے کا ایک اہم مرحلہ ہے جو یونائٹڈ اسٹیٹس میں آنے والے تمام لوگوں پر لاگو ہوگا- فی الوقت کسی بھی ملک کے باشندوں کی کسی بھی تعداد کو خصوصی رجسٹریشن ضوابط پر عمل کرنے کے لیے کہا جاسکتا ہے جب اٹارنی جنرل طے کرے کہ ایسا کرنا قومی تحفظ اور/ یا نفاذ قانون کے مفاد میں ہے-

اس بات پر زور دینا ضروری ہے کہ نیشنل سیکورٹی اینٹری ایند ایگزٹ رجسٹریشن سسٹم یونائٹڈ اسٹیٹس میں آنے پر روک نہیں لگاتا ہے، نہ یہ کسی فرد کی قانون کے مطابق عمل و فعل کو محدود کرتا ہے جس کی اجازت ان کا داخلے کا ویزا دیتا ہو-

## کیا کوئی مستثنیات ہیں؟

ہاں- اس سے وہ لوگ متاثر <u>نہیں</u> ہوں گے جو اس وقت جائز یونائٹڈ اسٹیٹس کے مستقل باشندے (گرین کارڈ والے) ہیں- پناہ گزین، افراد جن کو قانونی پناہ (asylum) دی گئی ہے، وہ افراد جنھوں نے اس فیڈرل نوٹس کے جاری ہونے سے قبل پناہ کے لیے درخواست دی ہے جو متعلقہ حاضری طلب (کال اِن) گروہوں کے لیے جاری کیا گیا ہے، مستثنٰی ہیں-

مزید، سفارتی ارکان اور ان کے متعلقین، سفارتی ویزا والے افراد، مسلمہ بین الاقوامی تنظیموں کے ملازمین خصوصی رجسٹریشن کے ضوابط سے مستثنٰی ہیں-

## میرے متعلقین جیسے زوج، اولاد یا والدین کے بارے میں کیا ہے؟ کیا انہیں بھی رجسٹریشن کرنی ہے؟

تمام مردوں کے لیے رجسٹریشن لازمی ہے، جن کی عمر ان کے متعلقہ گروپ کی رجسٹریشن شروع ہونے کی تاریخ کو 16 سال یا اس زیادہ ہو-

## اگر زوج، اولاد یا والدین یو ایس شہری یا قانونی مستقل باشندے ہوں تو کیا ہوگا؟ کیا مجھے پھر بھی رجسٹریشن کرنی ہوگی؟

خاندان کے دوسرے ارکان کے امیگریشن اسٹیٹس پر مبنی کوئی استثنأ نہیں ہے-

## اگر میری شہریت دوہری ہو تو کیا ہوگا؟ کیا مجھے پھر بھی رجسٹریشن کرنی ہوگی؟

ہاں. جو لوگ ان ممالک کی شہریت کا دعویٰ کرتے ہیں جو کال اِن گروپوں میں شامل ہیں انہیں رجسٹریشن کرنی ہے اگر وہ دوسرے ممالک کے شہری بھی ہوں-

**اگر میں مستقل باشندہ بننے کے لیے درخواست دینے کی کاروائی کررہا ہوں، لیکن میری درخواست ابھی آئی این ایس کے پاس ہے؟ کیا مجھے پھر بھی رجسٹریشن کرنی ہوگی؟**

ہاں- صرف اپنے امیگریشن اسٹیٹس کو مستقل باشندگی کے لیے باقاعدہ بنانے کے لیے درخواست دینے کی بنیاد پر کوئی استثناء نہیں ہے-

**اگر میں نے پناہ (asylum) کے لیے درخواست دی ہو تو کیا ہوگا؟ کیا مجھے پھر بھی رجسٹریشن کرنی ہوگی؟**

ہو سکتا ہے- اگر آپ نے اپنے کال اِن گروپ کے لیے فیڈرل رجسٹر نوٹس جاری ہونے کی تاریخ سے قبل پناہ کے لیے درخواست دی ہے، تو آپ کو رجسٹریشن نہیں کرنی ہے-اگر آپ نے اس تاریخ کے بعد پناہ کے لیے درخواست دی ہے، تو آپ کو رجسٹریشن کرنی ہوگی- اگر آپ کے حق میں پناہ منظور ہو چکی ہے تو آپ کو درخواست نہیں دینی ہے-

**اگر میں بڑی دیر سے یونائٹڈ اسٹیٹس میں رہ رہا ہوں کیونکہ مجھے عارضی محفوظ اسٹیٹس (TPS) دیا گیا تھا توکیا ہوگا؟ کیا مجھے پھر بھی رجسٹریشن کرنی ہوگی؟**

ہاں- اگر آپ کو یونائٹڈ اسٹیٹس میں نان امیگرنٹ کی حیثیت سے داخلہ 10 ستمبر 2002 کو یا اس سے پہلے دیا گیا تھا اور آپ ایران، عراق، لیبیا، سوڈان اور شام کے شہری ہیں، یا 30 ستمبر 2002 کو یا اس سے پہلے دیا گیا اور آپ دیگر کال ان ممالک کے شہری ہیں- اگر آپ کو کئی سال سے یونائٹڈ اسٹیٹس میں قانونی طور رہنے کی اجازت بھی ملی ہو، پھر بھی آپ کو رجسٹریشن کرنی ہے-

**اگر یونائٹڈ اسٹیٹس میں میرا داخلہ قانونی نہیں تھا ( انسپکشن اور ایڈمشن کے بغیر تھا)، اور اب میرے پاس عارضی باشندگی اسٹیٹس (TPS) ہے، تو کیا ہوگا؟ کیا مجھے رجسٹریشن کرنی ہوگی؟**

نہیں- موجودہ رجسٹریشن کے لوازم صرف ان غیر ملکیوں کے لیے ہیں جن کا انسپکشن امیگریشن آفیسر نے کیا ہے اور انہیں یونائٹڈ اسٹیٹس میں داخلہ دیا ہے-

**اگر مجھے یونائٹڈ اسٹیٹس میں پیرول دیا گیا تھا، تو کیا ہوگا؟ کیا مجھے رجسٹریشن کرنی ہوگی؟**

نہیں- اگر یونائٹڈ اسٹیٹس میں آ پ کا حالیہ داخلہ ایران، عراق، لیبیا، سوڈان اور شام کی شہریوں کی صورت میں، 10 ستمبر 2002 یا اس سے قبل، اور دیگر کال ان ممالک کی صورت میں 30 ستمبر 2002 یا اس سے پہلے ہوا تھا، اور آپ کا انسپکشن ایک نان امیگرنٹ کی حیثیت سے نہیں ہوا تھا، تو خصوصی جسٹریشن آپ کے لیے نہیں ہے-

**اگر میں فی الوقت خصوصی کال اِن رجسٹریشن کے تحت ہوں، لیکن میں یونائٹڈ اسٹیٹس سے اپنے کال اِن گروپ کی رجسٹریشن کی مدت سے پہلے چلا جاؤں؟ کیا مجھے یونائٹڈ اسٹیٹس میں دوبارہ آنے کے لیے رجسٹریشن کرنی ہوگی؟**

اگر آپ اپنے کال اِن گروپ کی رجسٹریشن کی مدت سے پہلے چلے جائیں تو آپ رجسٹریشن کے تحت نہیں ہیں- لیکن، اگر آپ یونائٹڈ اسٹیٹس سے چلے جائیں اور پھر واپس آجائیں، تو آپ کو داخلہ دیے جانے

کی صورت میں داخلے کے اڈّے پر اس وقت نافذ رجسٹریشن قوانین کے تحت رجسٹرکیا جاسکتا ہے- داخلے کے اڈّوں پر رجسٹریشن کے ضوابط کال اِن رجسٹریشن سے مختلف ہو سکتے ہیں-

## مجھے رجسٹریشن کے لیے کہاں جانا ہے؟

آپ متعینہ آئی این‌ایس ڈسٹرکٹ یا ذیلی دفتر پر جاسکتے ہیں جو یونائٹڈ اسٹیٹس میں آپ کی رہائش کے مقام کے قریب تر ہو- آپ کی اطلاع کے لیے ڈسٹرکٹ اور ذیلی دفاتر کی ایک فہرست شامل ہے- یہ انٹرنیٹ پر بھی www.INS.usdoj.gov. دستیاب ہے، اور نیشنل کسٹمر سروس سینٹر ( فون نمبر 1-800-375-5283 یا کم سماعت والوں کے لیے (TTY 1-800-767-1833 ) پر بھی-

## یہ مجھے کب کرنا ہے؟

آپ کو اپنے کال اِن گروپ کی رجسٹریشن مدت کے دوران امیگریشن اینڈ نیچرلائزیشن(INS) آفیسر کے سامنے حاضر ہونا، رجسٹر کرنا، اور حلف لے کر مطلوبہ معلومات فراہم کرنی چاہیں-

## کیا مجھے پہلے وقت مقرر کرنا ہوگا؟

رجسٹریشن کے لیے پہلے سے وقت مقرر نہیں کرنا ہوگا؛ لیکن آپ کو صبح کے وقت آنا چاہیے- آپ کو اسی دن ملاقات دی جائے گی جس دن آپ آئیں گے- اکثر آئی این ایس دفاتر فیڈرل تعطیلات کے بغیر، سوموار سے شکر وار تک کھلے رہتے ہیں- اپنی آسانی کے لیے برائے مہربانی کسٹمر سروس سینٹر کو بلا معاوضہ فون نمبر (1-800-375-5283) پر فون کرکے معلوم کریں کہ کوئی خاص آئی این ایس دفتر کام کے لیے کب کھلا ہوگا-

## میں آئی این آیس دفتر پر کیا کرنے کو کہوں گا؟

جب آپ آئی این ایس دفتر پر جائیں تو آئی این ایس ملازم یا سیکورٹی گارڈ کو مطلع کریں کہ آپ خصوصی رجسٹریشن کاروائی کے لیے آئے ہیں- آئی این ایس انفارمیشن افسر شناخت کا ثبوت طلب کرے گا، جیسے پاسپورٹ، اور پھر اس افسر کے پاس بھیج دے گا جو آپ کی رجسٹریشن کرے گا-

## جب میں رجسٹریشن کرنے کے لیے جاؤں گا تو کیا ہوگا؟

انٹرویو کے وقت آپ کی انگلیوں کا عکس لیا جائے گا- آپ کو اپنا پاسپورٹ اور فارم I-94 (آمد و رفت کا ریکارڈ)، شناخت کے دیگر فارم جو سرکاری طور آپ کو دئے گئے ہوں، اور سکونت کا ثبوت، ملازمت یا سکول میٹریکولیشن اپنے ساتھ لانی ہوں گے- مثلاً :

- اگر آپ یونائٹڈ اسٹیٹس میں رہتے ہیں، تو آپ رہن یا کرایہ نامہ، خانگی ضروریات کے بل، وغیرہ دکھا کر ثابت کر سکتے ہیں کہ آپ کہاں رہتے ہیں-
- اگر آپ احباب یا رشتہ داروں کے پاس رہتے ہیں تو آپ ڈاک خانے کی مہر والے لفافے، یا بلیں دکھا سکتے ہیں جن پر ان کے نام اور پتے درج ہوں-
- اگر آپ جاب کی وجہ سے یونائٹڈ اسٹیٹس میں ہیں، تو آپ تنخواہ کے چک کا نصف ثانی یا ملازمت کا
- کنٹریکٹ، وغیرہ ساتھہ لا سکتے ہیں-
- اگر آپ یونائٹڈ اسٹیٹس میں سکول جانے کی وجہ سے ہیں، تو آپ کلاس کاضابط اوقات، اپنے نتائج
- کی نوٹیفکیشن، اپنی کلاس یا سالنامے میں چھپی تصویر، اسٹوڈنٹ شناختی کارڈ، غیر نصابی مشاغل
- میں شرکت کے ثبوت وغیرہ اپنے ساتھہ لا سکتے ہیں-

آپ سے قومی تحفظ اور نفاذ قانون کے تعلق سے اور بھی سوالات پوچھے جاسکتے ہیں. انٹرویو کرنے والا افسر کسی دوسرے افسر کو بھی آپ کا انٹرویو کرنے کے لیے کہ سکتا ہے-

**اگر ضروری ہو تو آپ کو چاہیے کہ آپ کسی اور کو اپنی ترجمانی کے لیے ساتھہ لے آئیں-** 18 سال سے کم عمر کے نابالغوں کے ساتھہ والدین یا سرپرست بھی آسکتے ہیں- قانونی نمائندہ ساتھہ لانا ضروری نہیں ہے، لیکن اپنی مرضی سے آپ اپنے خرچے پر اپنی پسند کا قانونی نمائندہ بھی اپنے ساتھہ رکھہ سکتے ہیں-

جب آپ کی رجسٹریشن ہوجائے، افسر آپ کے I-94 پر یہ دکھانے کے لیے نشان لگائے گا کہ آپ نے رجسٹریشن لوازم کی تعمیل کی ہے- اگر آپ کا I-94 گم ہوگیا ہے، تو آپ رجسٹریشن کے موقع پر نیا کارڈ حاصل لیے درخواست دے سکتے ہیں- آپ کو نیا کارڈ حاصل کرنے کے لیے درخواست پُر کرنا اور مطلوبہ فیس دینا ہوگی-ان دنوں درخواست دینے کی فیس 85 ڈالر ہے-

**اگر میں کال اِن رجسٹریشن کی مقررہ تاریخ پر حاضر نہ ہوسکا تو کیا ہوگا؟**

اگر آپ اپنے کال اِن گروپ کی رجسٹریشن کی مقررہ مدت کے دوران آئی این ایس ڈسٹرکٹ یا ذیلی دفتر پرحاضر نہ ہوسکیں تو آپ کو اس کے بعد جتنا جلد ممکن ہو، آجانا چاہیے وقت پر نہ آسکنے کی وجوہات اور اس کے لیے دستاویزات پیش کرنے پر تیار رہیں اگر آئی این ایس افسر طے کرے کہ آپ نے جان بوجھہ کر رجسٹریشن کے لوازمات کو نظر انداز نہیں کیا ہے تو آپ کی رجسٹریشن کی جائے گی-

**کیا مجھے کوئی ثبوت دیا جائے گا کہ میں نے تعمیل کی ہے؟**

ہاں- آپ کے I-94 (آمد و رفت کے ریکارڈ) پر عکس انگشت کا شناختی نمبر (FIN) نوٹ کیا جائے گا تاکہ ظاہر ہو کہ آپ نے رجسٹر کیا ہے- اگر آپ کے پاس I-94 نہ ہو تو آپ نیا حاصل کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں- I-94 خصوصی رجسٹریشن کی کاروائی کے لیے ایک اہم دستاویز ہے- ہر وقت جب آئی این ایس افسر آپ کا انٹرویو کرے، آپ کو اپنا I-94 دکھا نا ہوگا- اور یونائٹڈ اسٹیٹس سے جانے کے وقت یہ واپس کرنا ہوگا-

**کیا مجھے ہر سال رجسٹریشن کرنا ہوگی؟**

اگر آپ اپنی رجسٹریشن کی تاریخ کے بعد ایک سال تک یونائٹڈ اسٹیٹس میں رہیں تو رجسٹریشن کا ایک سال پورا ہونے کی تاریخ کے دس دن کے اندرآپ کو آئی این ایس افسر کے پاس انٹرویو کے لیے پیش ہونا چاہیے- مثلاً اگر آپ کی رجسٹریشن 10 دسمبر 2002 کو ہوئی تو آپ کو متعینہ آئی این ایس افسر کے سامنے 30 نومبر تا 20 دسمبر 2003 جانا ہوگا- تاریخ معلوم کرنے کے لیے:

رجسریشن کی تاریخ/ مہینہ:________________________________

رجسٹر کرنے کی تاریخ آگے پیچھے 10 دن :________________________________

اگر آپ دو سال یا اس سے زیادہ مدت کے لیے یونائٹڈ اسٹیٹس میں رہیں تو آپ کو ان ہی تاریخوں پر ہر سال آئی این ایس افسر کے سامنے پیش ہوجانا چاہیے-

رجسٹریشن کے لیے پہلے سے وقت مقرر نہیں کرنا ہوگا؛ لیکن آپ کو صبح کے وقت آنا چاہیے- آپ کو اسی دن ملاقات دی جائے گی جس دن آپ آئیں گے- اکثر آئی این ایس دفاتر فیڈرل تعطیلات کے بغیر، سے شکر وار تک کھلے رہتے ہیں- اپنی آسانی کے لیے برائے مہربانی کسٹمر سروس سینٹر بلا معاوضہ سوموار فون نمبر (1-800-375-5283) پر فون کرکے معلوم کریں کہ کوئی خاص آئی این ایس دفتر کب کام کے لیے کب کھلا ہوگا.

**اگر میں اپنا ایڈریس؟ اسکول؟ یا آجر (ایمپلائر) ؟ تبدیل کروں تو کیا ہوگا؟**

اگر آپ اپنا ایڈریس، آجر، یا اسکول تبدیل کرلیں تو آپ کو دس دن کے اندر آئی این ایس کو مطلع کرنا چاہیے- آپ کو فارم AR-11 SR (غیر ملکیوں کا ایڈریس تبدیلی کا کارڈ--خصوصی رجسٹریشن) استعمال کرنا چاہیے- آپ کی سہولیت کے لیے فارم کی کاپی شامل ہے-یہ انٹرنیٹ www.INS.usdoj.gov پر، ڈاک کے ذریعے آئی این ایس فارمز ڈسٹریبیوشن سینٹر (1-800-870-3979)، اور آئی این ایس کے ڈسٹرکٹ اور ذیلی دفاتر پر بھی دستیاب ہے-

آپ کو عکس انگشت لیتے وقت آئی این ایس افسر نے جو عکس انگشت شناختی نمبر I-94 (آمد و رفت کے ریکارڈ) یا پاسپورٹ پر درج کیا تھا وہ آپ کو فارم مکمل کرتے وقت اپنے AR-11 SR (غیر ملکیوں کا ایڈریس تبدیلی کا کارڈ--خصوصی رجسٹریشن) فارم کی ابتدا میں اور AR-11 SR کی آخری سطر میں دکھائی گئی جگہ پر لکھ لینا چاہیے- آپ اپنا غیر ملکی رجسٹریشن نمبر (alien registration number) بھی لکھ سکتے ہیں اگر آئی ائن ایس نے آپ کو دیا ہو-

یہ آپ AR-11 SR فارم کے ہدایات کے حصہ میں دئے گئے پتّے پر روانہ کریں- اگرچہ ضروری نہیں لیکن یہ آپ کی مفاد میں ہے کہ آپ مکمل شدہ فارم کی ایک نقل اور اس کی روانگی کی رسید اپنے پاس رکھیں جس سے فارم پیش کرنے کا دستاویزی ثبوت دیا جاسکے گا اور یہ کہ آپ نے کس پتّے پر ارسال کیا ہے-

**جب میں یونائٹڈ اسٹیٹس سے چلا جاؤں تو کیا مجھے آئی این ایس کو مطلع کرنا پڑے گا؟**

ہاں- جب آپ یونائٹڈ اسٹیٹس سی باہر جائیں،جس میں میکسکو، کینیڈا اور قریبی جزائر بھی شامل ہیں، تو آپ کو آئی این ایس کو رخصت ہونے کے دن ذاتی طور مطلع کرنا چاہیے اور متعینہ اڈے سے رخصت ہونا چاہیے- اگر آپ اُن کو رخصت ہونے کی اطلاع نہ دیں تو آپ کو بعد میں دوبارہ یونائٹڈ اسٹیٹس میں آنے کی اجازت سے محروم کیا جاسکتا ہے-

**کیا میں کسی بھی ہوائی اڈے، سمندری اڈے، سرحد پار کرنے کے زمینی اڈے سے باہر جا سکتا ہوں؟**

نہیں- آپ کو صرف چند متعینہ اڈّوں ہی سے یونائٹڈ اسٹیٹس سے باہر جانے کی اجازت دی جائے گی- اس میں بعض انٹرنیشنل ائر پورٹ ، بندرگاہیں اور کینیڈا اور میکسکو جانے کے سرحدی راستے شامل ہیں- آپ کی اطلاع کے لیے متعینہ اڈوں اور ہدایات کی ایک فہرست شامل ہے جس میں یہ بھی درج ہے کہ رجسٹریشن کرنے کے لیے کہاں جانا ہے یہ فہرست انٹرنیٹ پر بھی .www.INS.usdoj.gov دستیاب ہے ، اور نیشنل کسٹمر سروس سینٹر ( فون نمبر 1-800-375-5283 یا کم سماعت والوں کے لیے (TTY 1-800-767-1833 ) پر بھی- برائے مہربانی سفر کا منصوبہ بناتے وقت اس فہرست کا ملاحظہ کریں، کیونکہ اس میں فیڈرل رجسٹر نوٹس کے ذریعہ کسی بھی وقت مزید مقامات کا اضافہ کیا جاسکتا ہے-

**کیا کال اِن رجسٹریشن کے لیے کوئی چھوٹ کی گنجائش ہے؟**
نہیں- ہر ایک شخص، جس پر رجسٹریشن لازم آتی ہے، اس کو رجسٹریشن کرنی چاہیے- رجسٹریشن کرنے کے بعد خصوصی رجسٹریشن کے سب یا بعض لوازم کے لیے ایک سال تک کے لیے آئی این ایس ڈپٹی ڈائرکٹر کو تحریری درخواست دے کر استثناء مانگا جا سکتا ہے- استثناء مانگنے کے لیے کوئی فارم نہیں ہے، ایک خط کافی ہوگا- جن حالات میں استثناء مطلوب ہو سکتا ہے ان کی مثالیں ہیں: غیر ملکی حکومت کا نمائندہ جس کو سفارتی ویزا کے بدلے وزیٹر ویزا دیا گیا ہو، انٹرویو کی مدت کے دوران ہنگامی طبی صورتِ حال (مثلاً ہسپتال میں داخلہ)- اگر استثناء سالانہ انٹرویو کی مدت سے قبل تحریری طور منظور نہ ہوجائے تو آپ کو انٹرویو کے لیے حاضر ہوجانا چاہیے-

**کیا یونائٹد اسٹیٹس میں داخل ہونے پر ہر بار میرا انٹرویو، عکس انگشت اور فوٹوگراف لیا جائے گا؟**
ہو سکتا ہے- ایران، عراق، لیبیا، سوڈان، اور شام سے آنے والے نان امیگرنٹ غیر ملکیوں کو ہر وقت رجسٹر کرنا ہوگا جب امیگریشن انسپکٹر ان کا انسپکشن کر کے ان کو یونائٹڈ اسٹیٹس میں داخلہ دے- داخلے کے اڈّے کا آئی این ایس افسر دیگر افراد کو خصوصی انسپکشن کے لیے نامزد کر سکتا ہے-

**اگر میں کال اِن کاروائی کے لیے رجسٹریشن کروں، متعینہ اڈّے سے باہر چلا جاؤں، اور پھر یونائٹڈ اسٹیٹس میں داخل ہونے کے وقت خصوصی رجسٹریشن کے لیے نامزد ہوجاؤں- میں اس کے بعد کس کاروائی پر عمل کروں گا--داخلہ کے اڈّے کی یا کال اِن کی؟**
آپ کو اس کاروائی پر عمل کرنا چاہیے جو تازہ ترین رجسٹریشن پر حاوی ہو- اگر آپ یونائٹڈ اسٹیٹس میں پھر سے داخل ہوتے وقت داخلے کے اڈّے پر رجسٹر کرلیں تو آپ کو 30-دن کے اور پھر سالانہ انٹرویو کے لیے آنا چاہیے-

**حکم عدولی کی سزائیں کیا ہیں؟**
اگر آپ یونائٹڈ اسٹیٹس میں رہنے کے دوران ان خصوصی رجسٹریشن کے لوازمات، داخلے کی دیگر شرائط کی تعمیل نہیں کریں گے تو آپ کو خارج از استحقاق (out of status) قرار دیا جائے گا- آپ کو گرفتار کیا جا سکتا ہے، حراست میں رکھا جا سکتا ہے، جرمانہ کیا جا سکتا ہے اور/یا یونائٹڈ اسٹیٹس سے نکالا جا سکتا ہے- اور یونائٹڈ اسٹیٹس سے آئندہ کسی مراعات کی درخواست پر اثر پڑ سکتا ہے. فیصلے انفرادی بنیادوں پر کیے جائیں گے جو ہر معاملے کے حالات پر مبنی ہوں گے-

خصوصی رجسٹریشن کے ضوابط، اوقات کار، یا رخصت ہونے کے متعینہ اڈوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات حاصل کرنے کے لیے برائے مہربانی آئی این ایس کی ویب سائٹ www.INS.usdoj.gov دیکھ لیں یا نیشنل کسٹمر سروس سینٹر کو (1-800-375-5283) پر فون کریں-